LAS
LEGAL AID SOCIETY

پیرول

پیرول کیا ہے؟

- پیرول سندھ گڈ کنڈکٹ پرزنرز پروبیشنل ریلیز رولز 2001ء کے تحت ریگیولیٹ کیا جاتا ہے۔
- اس قانون کے تحت پیرول بورڈ ہر کیس کا جائزہ لیتا ہے۔ بورڈ میں جو نمائندے شامل ہوتے ہیں ان میں سے

1. ہوم ڈپارٹمنٹ۔
2. جیل۔
3. ڈائریکٹر آف ریمیشن اینڈ پروبیشن۔
4. ضلعی پولیس آفیسر شامل ہیں

- بورڈ کسی جوابدار کو وقت سے پہلے رہا کرنے کے لئے صوبائی حکومت کو سفارش کر سکتا ہے۔
- پیرول کا فیصلہ ہوم ڈپارٹمنٹ یا وزیر داخلہ ملزم کی سزا کے بعد کر سکتے ہیں۔
- یہ فیصلہ ملزم کے جیل میں رویئے اور قید میں اس مجرم کی زندگی پر پڑنے والے اثر کے بنیاد پر کیا جاتا ہے۔
- پیرول مندرجہ ذیل عوامل کو ذہن میں رکھتے ہوئے دیا جاتا ہے۔

1. مجرم کا معاشرے کے ساتھ رابطہ بحال رکھنے کی ضرورت۔
2. اپنے خاندان کو مالی اور دوسری امداد فراہم کرنا۔

- پیرول صرف اس صورت میں دیا جاتا ہے جب مجرم اپنا جرم قبول کر لے اور وہ سزا کے خلاف اپیل نہیں کر رہا/رہی ہو۔

پیرول کے اقسام

1. عارضی پیرول: ایک مجرم کو جیل سے ایک مخصوص مدت کے لئے آزاد کیا جاتا ہے، وہ ایک پولیس آفیسر کے زیر حراست خاص حالات میں رہتا/رہتی ہے یہ مخصوص گھنٹوں یا دنوں کے لئے ہوتا ہے۔

- خاص حالات میں شامل ہے۔

I. اپنے نزدیکی رشتہ دار کے جنازے میں شرکت۔
II. کسی بہت ہی زیادہ بیمار فرد کی عیادت کے لئے۔

2. قید سے وقت سے پہلے رہائی ایسے مجرم کو دی جا سکتی ہے جو اپنی قید کی مدت ایک تہائی عرصہ گذار چکا/چکی ہو اور رہائی ان بنیادوں پر ہو گی۔

- مجرم توبہ تائب ہو گیا ہو۔
- مجرم اپنے جرم کے لئے معافی کا طلبگار ہو۔
- مجرم کا دوبارہ وہی جرم کرنے کا یا کوئی اور جرم کرنے کا کوئی ارادہ یا خطرہ نہیں ہو۔

مثال

ایک مجرم کو 9 سال قید کی سزا ملی ہے تو وہ قید میں تین سال مکمل ہونے کے بعد پیرول کے لئے درخواست دے سکتا/سکتی ہے۔

وقت سے پہلے رہائی کے لئے جیل سپرٹینڈنٹ کو درخواست لکھ کر دینا ہو گی کہ قیدی توبہ تائب ہو گیا ہے اور اس کی وقت سے پہلے رہائی کے بارے میں سوچا جائے۔